Charter Revision Commission

میٹنگ کا نوٹس
فروری کے عوامی رائے کے اجلاس

اوقات اور مقامات:

منگل، فروری 11، 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے
New York City Fire Department Headquarters
9 Metrotech (کے صحن کے راستے داخل ہوں۔ Flatbush Avenue)
Brooklyn, NY 11201

پیر، فروری 24، 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے
NYC Department of Design and Construction
1st Floor Multipurpose Room
30-30 Thomson Avenue (Place 30 سے داخل ہوں)
Queens, NY 11101

ورچوئل لوکیشن: www.nycgov/charter **پر پوسٹ کردہ زوم میٹنگ کا لنک دیکھیں۔**

عوامی رائے کے اجلاس کا نوٹس

نیو یارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن ("CRC") نیویارک سٹی چارٹر میں مجوزہ تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے پانچوں بورو میں پبلک ان پٹ سیشنز (عوامی رائے کے اجلاسوں) کی میزبانی کرے گا۔ CRC کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ 4 نومبر 2025 کے عام انتخابات، یا قانون کے مطابق کسی اور نامزد انتخابی تاریخ میں رائے دہندگان کے سامنے پیش کرنے کے لیے چارٹر پر نظرثانی پر غور کرے۔

<u>یہ عوامی رائے کے اجلاس کس بارے میں ہے؟</u>

چارٹر شہری حکومت کا ڈھانچہ فراہم کرتا ہے اور شہر کے منتخب عہدیداروں اور ایجنسیوں کے کلیدی اختیارات کا تعین کرتا ہے۔ پورے چارٹر کا جائزہ لینے کے بعد، CRC ایسی تبدیلیوں کی سفارش کر سکتا ہے جن کا مقصد سٹی گورنمنٹ کو زیادہ موثر طریقے سے کام کرنے اور نیو یارک کے تمام شہریوں کی بہتر خدمت کرنے میں مدد کرنا ہے۔

ماہرین کی رائے سننے، سٹی گورنمنٹ کے لیے اہمیت کے حامل کسی بھی معاملے کی گواہی دینے، اور چارٹر میں تبدیلیاں تجویز کرنے کے لیے عوام کو مدعو کیا جاتا ہے۔ آپ ہماری ویب سائٹ: www.nyc.gov/charter پر جا کر نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

<u>کون رائے دے سکتا ہے؟</u>

یہ میٹنگیں عوام کے لیے کھلی ہیں، اور عوام کو CRC کے اراکین کے سامنے گواہی (یعنی تحریری یا زبانی بیان) دینے کا موقع ملے گا۔ عوام کا کوئی بھی رکن تین (3) منٹ تک سٹی چارٹر کو بہتر بنانے کے لیے اپنے خیالات کی گواہی دے سکتا ہے۔ CRC ان لوگوں کی گواہی سنے گا جو ذاتی طور پر میٹنگ میں شرکت کرتے ہیں اور ان لوگوں سے جو زوم کے ذریعے شرکت کرتے ہیں۔ CRC ان افراد کی گواہی سنے گا جو زوم کے ذریعے شرکت کرنے والوں کی گواہی سننے سے پہلے ذاتی طور پر حاضر ہوتے ہیں۔ ایک گروپ، تنظیم یا ادارہ جو گواہی دینا چاہتا ہے ایک ہی نامزد نمائندے کا انتخاب کرے گا۔ پانچوں میں سے کسی بھی بورو کے نیویارک والے گواہی دے سکتے ہیں۔ CRC اس سماعت میں بولنے کے لیے سائن اپ کرنے والے ہر فرد کو شامل کرنے کی کوشش کرے گا، لیکن اگر وقت تمام گواہی کو سننے کی اجازت نہیں دیتا ہے، تو عوام کو گواہی دینے کے دیگر مواقع کا استعمال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے، بشمول CRC کے بعد کے عوامی رائے کے اجلاس یا CharterTestimony@citycharter.nyc.gov پر تحریری گواہی جمع کروا کر۔

میں تحریری گواہی کیسے پیش کروں؟

عوام کسی سماعت میں شخصی طور موجود گواہی دینے کے بجائے یا اس کے علاوہ CharterTestimony@citycharter.nyc.gov کے ذریعے تحریری گواہی جمع کرا سکتے ہیں۔

سماعتیں کب اور کہاں ہیں؟

دروازے عوام کے لیے کھلے ہیں، اور ہر اجلاس کی رسائی www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کیے گئے زوم لنک کے ذریعے درج ذیل تاریخوں، اوقات اور مقامات پر ورچولی (غیر شخصی طور پر بھی) حاصل کی جا سکتی ہے۔

منگل، فروری 11، 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے
New York City Fire Department Headquarters
9 Metrotech (Flatbush Avenue کے صحن کے راستے داخل ہوں۔)
Brooklyn, NY 11201

پیر، فروری 24، 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے
NYC Department of Design and Construction
1st Floor Multipurpose Room
30-30 Thomson Avenue (Place 30 سے داخل ہوں)
Queens, NY 11101

عوام اسی وقت www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کردہ زوم لنک پر میٹنگ میں شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر مجھے میٹنگ میں مشاہدہ کرنے یا گواہی دینے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو کیا ہوگا؟

امریکی سائن لینگویج اور ہسپانوی ترجمانی آن لائن اور سائٹ پر فراہم کی جائے گی۔ جس میٹنگ میں آپ شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اس کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے زبان کی ترجمانی اور/یا دیگر رسائی کی درخواستیں CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل کرکے یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور پیغام چھوڑیں۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک ایڈجسٹ کیا جائے گا۔